حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب زروبوی۔ صدرالمدرسین دارالعلوم حقانیہ

اے تکلّم کے امام و بذلہ سنج و نکتہ بیں — تیرے سینے میں نہاں ہے عشقِ ختم المرسلیں
موجزن ہے دل میں تیرے جذبہ صدق و یقیں — باوجودِ ضعف و پیری خادمِ دینِ متیں
تیری حق گوئی حق آگاہی شجاعت مرحبا
مسند آرائے طریقت اور شریعت مرحبا

رازدانِ رمزِ قرآنی و اسرارِ کتاب — تیری ہر تقریر ہے بس انتخاب لاجواب
سطوتِ باطل ہے تیرے سامنے مثلِ سراب — آفریں صد آفریں بر نطقِ تو عالیجناب
تشنگانِ علم کو ہے منبعِ فیّاض تو
درحقیقت وقت کے رازی ہیں اور عیاض تو

ہے خزینہ معرفت کا گنجِ عرفاں کی کلید — حضرت سید حسین احمدؒ کے شاگردِ رشید
ذوقِ تو در درسِ "مسلم" قابلِ داد است و دید — جامعِ معقول و منقول است دریں نا پدید
تیری محفل میں ہے ہر دم دورِ صہبائے حجاز
ذکرِ محبوبِ خدا و شوقِ مینائے حجاز

قاسمؒ و محمودؒ و انورؒ کی جھلک ان میں عیاں — شیخ عبدالحق کے دیرینہ رفیق و رازداں
مفتخر جن پر ہے تقویٰ و تصوف کا جہاں — مشغلہ دونوں کا ہے درسِ احادیث و قرآں
سیّدی شیخی ابی والائے اوصافِ کمال
رب نے دی تجھ کو فراستِ مومنانہ لازوال

پیکرِ زہد و قناعت صاحبِ صدق و صفا — اے علومِ قاسمی کے شارحِ رنگیں نوا
سنّتِ اسلاف سے لبریز تیری ہر ادا — باعثِ صد ناز ہے یہ ذات تیری بے ریا
باضمیر و باحمیّت ہے یہ آگاہِ خودی
فقر و فخری پر ہے قائم یہ شہنشاہِ خودی

ملّتِ بیضا کے غم سے خون ہے تیرا جگر — چنتے ہیں غواص اس سیلِ معانی سے گہر
حق نے دی تجھکو طلاقت بے نہایت پُر اثر — یہ ضو افشانی ضیا پاشی تیری رشکِ قمر
کیوں نہ ہو فانیؔ کہ تو ہے دیوبند سے مستنیر
مبدارِ فیاض کی تم پر عنایت بے نظیر